4305-ولادت کے چالیس دن بعد سجدہ شکر کرنا

سوال

میری بیٹی کی عمر چالیس یوم ہوچکی ہے، اورمیں مسجد میں سجدہ کرنے گئی جوکہ بطوررسم ہمارے ملک پاکستان میں کیا جاتا ہے، لیکن امام صاحب نے مجھے ایسا نہیں کرنے دیا، اور کہا کہ اس سجدے کی حدیث میں کوئی دلیل نہیں ملتی، اوررسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا نہیں کیا اور ہم لیے واجب نہیں کہ ہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل بنیں ؟

پسندیدہ جواب

جیسا کہ مسجد کے امام کا کہنا ہے کہ اس سجدہ کی کوئی اصل اوردلیل نہیں، جی ہاں کسی نئی نعمت کے حصول یا کسی مصیبت کے ٹل جانے پر سجدہ شکر بجالانا مشروع ہے، لیکن اتنی مدت گزر جانے سے یہ ختم ہوجاتا ہے.

شیخ عبدالکریم الخضیر کا جواب ختم ہوا.

لیکن جب آپ کی بیٹی صحیح سالم پیدا ہوئی تھی اورماں بھی بچ رہی تو اگر آپ اسی وقت سجدہ شکرادا کرتی تو ہم کہتے کہ ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، اوراس کا فعل مشروع ہے.

لیکن اس کا چالیس یوم وقت مقرر کرنا، اورپھر مسجد میں جاکراسے بجالانا یہ بدعت ہے.

اللہ تعالی ہمیں اورآپ کو ہر قسم کی خیر وبھلائی کرنے کی توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم.